وزیر اعظم کو اسرائیل کے وزیر اعظم کی ٹیلیفون کال موصول ہوئی

10 دسمبر 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی کو آج اسرائیل کے وزیر اعظم جناب بینجمن نیتن یاہو کی ٹیلیفون کال موصول ہوئی.

2. دونوں رہنماؤں نے بھارت۔ اسرائیل اسٹریٹجک شراکت داری میں جاری پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور باہمی فائدے کے لیے ان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا.

3. دونوں رہنماؤں نے دہشت گردی کی شدید مذمت کی اور دہشت گردی کی تمام شکلوں اور مظاہر کے خلاف صفر رواداری کے اپنے موقف کو دہرایا.

4. انہوں نے مغربی ایشیا کی صورتحال پر بھی اپنے خیالات کا تبادلہ کیا. وزیراعظم مودی نے غزہ امن منصوبے کے جلد نفاذ سمیت خطے میں منصفانہ اور پائیدار امن کے سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کے لیے بھارت کی حمایت کو دوبارہ دہرایا.

5. دونوں رہنماؤں نے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا.

نئی دہلی

10 دسمبر 2025